# BESTWAY CEMENT LIMITED

# NOTICE OF INTERIM CASH DIVIDEND AND BOOK CLOSURE

We are pleased to inform that Board of Directors of Bestway Cement Limited (the Company) in their meeting held on April 28, 2023 have declared "3rd Interim Cash Dividend" @ 50% i.e. Rs. 5 per share with face value of Rs.10/- each, for the quarter ended March 31, 2023, payable to the shareholders whose names will appear in the register of members of the Company as on May 11, 2023.

Share Transfer Books of the Company will remain closed from May 12, 2023 to May 15, 2023 (both days inclusive). Transfers received at the office of the Shares Registrar, M/s THK Associates (Pvt.) Limited, Plot No. 32-C, Jami Commercial Street 2, D.H.A., Phase VII, Karachi-75500, at the close of business on May 11, 2023 will be treated in time for the purpose of above entitlement to the transferees.

Shareholders who have not yet provided their International Bank Account Number (IBAN) details are requested to furnish the same on priority basis to your respective Broker/ CDC Participant / Investor Account Services (in case your shareholding is in Book Entry form) or to our Share Registrar: THK Associates (Pvt.) Limited (in case your shareholding is in physical form), for electronic remittance of dividend in their accounts as per Section 242 of the Companies Act, 2017. In case of non-submission of IBAN, the Company will withhold the payment of dividends under the Companies (Distribution of Dividends) Regulations, 2017.

In case of joint account, please intimate proportion of shareholding as each account holder is to be treated individually as either filer or non-filer and tax will be deducted on the basis of shareholding provided by the shareholder, otherwise equally.

All Shareholders are advised to check their status on Active Taxpayers List (ATL) available on FBR Website and if required take necessary actions for inclusion of their name in ATL to avail the lower rate of tax deduction.

By Order of the Board

Islamabad
May 2, 2023

**Hassan Niazi**
Company Secretary

# بیسٹ وے سیمنٹ لمیٹڈ

BESTWAY

## اطلاع برائے عبوری نقد منافع اور
## حصص کی منتقلی کی کتابوں کی بندش

ہم آپ کو بڑی مسرت سے یہ اطلاع دے رہے ہیں کہ کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز نے اپنے اجلاس منعقدہ مورخہ 28 اپریل 2023ء کو 50 فیصد یعنی -/5 روپے فی شیئر جس کی بظاہری قیمت 10 روپے ہے کے حساب سے **"تیسرے عبوری نقد منافع"** برائے سہ ماہی مختتمہ 31 مارچ 2023ء کا اعلان کیا ہے جو کہ اُن حصّہ داران کو ادا کیا جائے گا جن کے نام مورخہ 11 مئی 2023ء کو کمپنی کے حصّہ داران کی کتابوں میں درج ہوں گے۔

کمپنی حصص کی منتقلی کی کتابیں 12 مئی 2023ء تا 15 مئی 2023ء (بشمول دونوں دن) بند رہیں گی۔ ٹرانسفرز جو دفتر شیئر زرجسٹرار، میسرز THK ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ، پلاٹ نمبر C-32، جامی کمرشل، گلی نمبر 2 ڈی اچ اے فیز VII، کراچی-75500 میں مورخہ 11 مئی 2023ء کو دفتری اوقات کے اختتام تک وصول ہو جائیں گی مذکورہ بالا استحقاق کیلئے بروقت تصوّر ہوں گی۔

وہ شیئر ہولڈرز جنھوں نے تا حال اپنے انٹرنیشنل بینک اکاؤنٹ نمبر (IBAN) کی تفصیلات فراہم نہیں کی ہیں ان سے درخواست ہے کہ وہ کمپنیز ایکٹ 2017ء کے سیکشن 242 کے مطابق ڈیویڈنڈ کی اپنے بینک اکاؤنٹس میں بذریعہ برقی ترسیل منتقلی کیلئے اپنے متعلقہ بروکر/سی ڈی سی شراکت دار/ انویسٹر اکاؤنٹ سروسز (اگر آپ کی شیئر ہولڈنگ بک اینٹری فارم میں ہے) کو فوراً پہنچا دیں یا ہمارے شیئر رجسٹرار THK ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ (ایسی صورت میں جب آپ کی شیئر ہولڈنگ فزیکل فارم میں ہو) کو ترجیحی بنیادوں پر جمع کروائیں۔ IBAN جمع نہ کروانے کی صورت میں کمپنی (منافع کی تقسیم) ریگولیشنز 2017ء کے تحت منافع کی ادائیگی روک لے گی۔

جوائنٹ اکاؤنٹ کی صورت میں برائے مہربانی ہر شیئر ہولڈنگ کے تناسب سے آگاہ کریں کیونکہ ہر شیئر ہولڈرز سے چاہے فائلر ہو یا نان-فائلر ٹیکس کی کٹوتی شیئر ہولڈر کی جانب سے فراہم کی گئی شیئر ہولڈنگ کی بنیاد پر انفرادی طور پر کی جائے گی ورنہ ہر شیئر ہولڈر کے شیئرز برابر تصوّر کیے جائیں گے۔

تمام شیئر ہولڈرز سے درخواست ہے کہ ایف بی آر کی ویب سائٹ پر موجود فعال ٹیکس گزاروں کی فہرست (ATL) میں اپنی حیثیت چیک کریں اور اگر ضرورت ہو تو ٹیکس کی کٹوتی کے کم ریٹس حاصل کرنے کیلئے ATL میں اپنے نام کے اندراج کی خاطر فوری کارروائی کریں۔

بحکم بورڈ

**حسن نیازی**
کمپنی سیکرٹری

اسلام آباد
2، مئی 2023ء